Maulana Azad National Urdu University

M.A. J.M.C : II Semester Examination, August 2021

Paper : MAJM202CCT : Television Journalism

پرچہ: ٹیلی ویژن جرنلزم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. مخالف صحافت (Adversarial Journalism) پر مختصر نوٹ لکھیے۔
2. ٹی وی نیوز اسٹوری کے اہم ذرائع کیا ہیں؟ ان کی تفصیلات لکھیے۔
3. VO-SOT سے کیا مراد ہے؟ کسی بھی ٹی وی نیوز اسٹوری میں اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔
4. اسپلٹ اسکرین فارمیٹ (Split Screen Format) کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
5. ٹیلی ویژن خبروں کی زبان و بیان کیسی ہونی چاہیے۔ اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔
6. کسی پیشہ ور ٹی وی کیمرے کے اہم حصے کون کون سے ہوتے ہیں؟ ان حصوں کی اہمیت کو بیان کیجیے۔
7. فوکل لینتھ (Focal Length) اور ڈیپتھ آف فیلڈ (Depth of Field) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ڈیپتھ آف فیلڈ کو متاثر کرنے والے عوامل (Factors) کا ایک چارٹ تیار کیجیے۔
8. ٹی وی نیوز پروڈکشن میں کیمرے سے لیے جانے والے بنیادی شاٹس کی وضاحت کیجیے۔
9. ٹیلی ویژن نیوز اینکر / نیوز ریڈر میں کیا خصوصیات ہونی چاہیے۔ بیان کیجیے۔
10. ٹی وی کی خبروں کی پیش کشی کے لیے مختلف فارمیٹس بیان کیجیے۔

حصہ دوم

11. ٹی وی انٹرویو کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کی مختلف قسموں کا جائزہ لیجیے۔
12. بطور صحافی اگر آپ کو اقلیتوں کے مسائل پر ہندوستان کے وزیر اعظم سے انٹرویو لینا ہے تو 25 منٹ کے ٹاک شو (Talk Show) کے لیے کیے جانے والے سوالات لکھیے
13. Covid-19 پر مبنی اپنے پسند کی کوئی بھی دو سے تین منٹ کی مکمل ٹی وی نیوز اسٹوری یعنی Package فارمیٹ پر لکھیے۔
14. ڈاکیومنٹری فلم کے اہم مقاصد بیان کیجیے۔ اور اپنی پسندیدہ دستاویزی فلم کی خوبیوں اور کمیوں پر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔
15. ٹی وی نیوز بلیٹن (T.V. News Bulletin) کے لیے مختلف نیوز اسٹوریس (News Stories) کا انتخاب کن بنیادوں پر کیا جاتا ہے؟ اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔